اردو URDU OURDOU

# ۲۰۰۶ء کی مردم شماری کے بارے میں سوالات اورسوالات پوچھے جانے کی وجوہات

Statistics Canada Statistique Canada

Canada

# تعارف

کینیڈا کی اگلی مردم شماری ۱۶ مئی ۲۰۰۶ء کو ہوگی۔ تین سو سالوں سے زیادہ عرصے سے مردم شماری ہمارے ملک کی شماریاتی تصویر بناتی آ رہی ہے۔ اس تصویر سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ ہمارا ملک کس نوعیت کا ہے اور ہماری سماجی صورتِ حال کیسی ہے۔ ۱۶ مئی کو مردم شماری کے ذریعے سے حاصل کی ہوئی معلومات سماجی گروہوں، کاروباری اداروں اور حکومتی شعبوں کے کام آ سکیں گی تاکہ وہ لوگوں کو تعلیم و تربیت دینے، نئی مصنوعات اور خدمات وضع کرنے، بزرگ شہریوں کی رہائش کا بندوبست کرنے، صحت و تندرستی کی خدمات فراہم کرنے اور دوسرے کئی پروگراموں کی، جو ہم سب کے لئے اہم ہوتے ہیں، منصوبہ بندی کر سکیں۔

۲۰۰۶ء کی مردم شماری پہلا موقع ہے کہ جواب دہندگان اپنا سوالنامہ آن لائن، یعنی انٹرنیٹ پر، یا پھر کاغذ پر بھر سکیں گے۔

## حصہ اول:

اس کتابچے کا پہلا حصہ ۲۰۰۶ء کی مردم شماری کے سوالنامے میں پوچھے گئے ۵۳ سوالوں پر مشتمل ہے۔ اس طویل سوالنامے کو آبادی کے ۲۰ فی صد لوگ مکمل کریں گے۔ مختصر سوالنامے میں کل ۸ سوال ہیں، یعنی طویل سوالنامے میں سے پہلے چھ سوال اور سولات نمبر ۱۶ اور ۵۳ ۔

## حصہ دوم:

دوسرے حصے میں شماریات کینیڈا کی جانب سے مختلف سوالات پوچھنے کی وجوہات دی گئی ہیں اور یہ بتایا گیا ہے کہ حاصل کردہ اعداد و شمار سے کون کون سے مقاصد پورے ہوتے ہیں۔

اگر آپ کے ذہن میں ۲۰۰۶ء کی آبادی کی مردم شماری، اور اس سے مشترک زراعت کی مردم شماری، کے بارے میں سوالات ہوں تو اپنے قریب ترین شماریات کینیڈا کے دفتر سے تحریر کے ذریعے یا فون پر رابطہ کریں۔ شماریات کینیڈا کے فون نمبر اور پتے اگلے صفحے پر درج ہیں۔

# حصہ اول

## ۲۰۰۶ء کی مردم شماری کے سوالات

# ۲۰۰۶ء کی مردم شماری کے سوالات

قدم الف:

مکمل ہونے پر یہ اطلاعات بالکل خفیہ رہیں گی:

**۲۔** اپنا فون نمبر لکھیے:

ایریا کوڈ ____ فون نمبر ____ ____

**۳۔** یہ حصہ مکمل کریں اگر اوپر پتے والی جگہ پر کوئی چھپا ہوا پتا درج نہیں ہے یا اگر آپ کی رہائش ۱۶ مئی ۲۰۰۶ء کو کسی دوسری جگہ پر تھی:

اپارٹمنٹ نمبر ____

نمبر، گلی یا زمین کا قطعہ (LOT) اور مراعاتی زمین (CONCESSION) ____

صوبہ یا عملداری (TERRITORY) ____

شہر، میونسپلٹی، قصبہ، گاؤں، یا انڈین ریزرو (مختص علاقہ) ____

پوسٹل کوڈ ____ ____

## ۱۔ قدم ب (B) میں کسے شامل کیا جائے:

- ہر اس شخص کو جو عام طور پر اس پتے پر مقیم ہو، بشمولیت نو زائدہ بچوں کے اور ہم کمرہ (room-mates) لوگوں کے، شامل کریں؛
- تمام طالب علموں کو جو سال کے دوران واپس آ کر والدین کے ساتھ رہتے ہوں، خواہ وہ سکول میں حاضری کی بدولت یا گرمی کی چھٹیوں میں نوکری کے باعث کہیں اور رہ رہے ہوں، شامل کریں؛
- اُن تمام بچوں کو جو سانجھی نگہبانی (joint custody) میں زیادہ وقت اِس جگہ گزارتے ہوں، شامل کریں۔ جو بچے ماں اور باپ کے ساتھ یکساں وقت گزارتے ہوں انہیں اس نگہبان کے ساتھ شامل کریں جس کے پاس وہ ۱۶ مئی ۲۰۰۶ء کے روز مقیم ہوں۔
- ان شادی شدہ یا غیر رسمی طور پر شریکِ زندگی (common-law partners) افراد کو جو کام کاج یا تعلیم کی خاطر کسی اور جگہ رہتے ہوں لیکن گاہے بہ گاہے اس جگہ لوٹ آتے ہوں، شامل کریں؛
- ان تمام مستقل سکونت پذیر (landed immigrants) لوگوں کو جو عام طور پر اس پتے پر مقیم ہوں، شامل کریں؛
- ان لوگوں کو جنہوں نے ریفیو جی حیثیت کا دعوی کر رکھا ہو اور ان کے خاندانوں کو جو اس پتے پر مقیم ہوں، شامل کریں؛
- غیر ممالک سے لوگ جن کے پاس نوکری کا یا طالب علمی کا اجازت نامہ ہو، انہیں اور ان کے ساتھ مقیم خاندانوں کو شامل کریں؛
- ان لوگوں کو جو اکثر یہاں مقیم ہوں لیکن فی الوقت کسی ادارے (جیسے ضعیف لوگوں کی رہائش گاہ یا ہسپتال یا جیل) میں چھ ماہ سے کم مدت کے لئے اقامت پذیر ہوں، شامل کریں؛
- ان افراد کو جن کا کہیں اور کوئی گھر نہ ہو اور وہ ۱۶ مئی ۲۰۰۶ء کو اس پتے پر مقیم ہوں، شامل کریں۔

## ۲۔ قدم ب (B) میں مندرجہ ذیل کو شامل نہ کریں:

- ایسے افراد کو جن کا گھر عام طور پر کینیڈا میں کسی اور پتے پر ہے اور جو عارضی طور پر اس جگہ موجود ہیں (مثلاً ایسے لوگ جو سیاحت کی غرض سے آئے ہوئے ہوں یا جن کی ثانوی رہائش اس پتے پر ہو)، شامل نہ کریں؛
- کسی غیر ملک کے شہریوں کو جو کینیڈا میں صرف سیاحت یا تجارت کی غرض سے آئے ہوئے ہوں، شامل نہ کریں؛
- کسی غیر ملکی حکومت کے نمائندوں اور ان کے خاندانوں کے افراد کو شامل نہ کریں۔

## ۳۔ اگر کوئی شخص ایسا نہ ہو جسے قدم ب (B) میں شامل کیا جا سکے:

○ اگر ۱۶ مئی ۲۰۰۶ء کے دن اس پتے پر مقیم تمام افراد کا اصل گھر کینیڈا میں کہیں اور ہے یا وہ سب سیاح ہیں یا کسی غیر ملکی حکومت کے نمائندے ہیں تو سامنے دائرے میں نشان لگائیں :

← ۔۔ نیچے اپنا نام اور ٹیلیفون نمبر بڑے حروف میں لکھیں اور اس سوالنامے کو پُر کئے بغیر منسلک جوابی لفافے میں ڈال کر واپس بھیج دیں:

← خاندانی نام: ________ دئیے ہوئے نام: ________

ٹیلیفون نمبر: ________ ________ ایریا کوڈ: ________

←

## قدم ب (B)

**ا ۔** آپ کے اپنے سمیت کتنے لوگ اس پتے پر ۱۶ مئی ۲۰۰۶ء کو اقامت پذیر ہیں؟
ان تمام لوگوں کو گنتی میں شامل کریں، خواہ وہ عارضی مدت کے لئے یہاں سے دور ہوں۔

____________

**۲ ۔** جلی حروف میں ان تمام لوگوں کی فہرست بنائیں جو عموماً اس پتے پر مقیم ہوتے ہیں۔ اس میں اپنے آپ کو شامل کرنا نہ بھولیں۔ فہرست کو بالغ خانہ دار کے نام سے شروع کریں۔ اس کے بعد، اگر اس کا اطلاق ہوتا ہو تو، اس خانہ دار کی اہلیہ یا غیر رسمی شریکِ زندگی (common-law partner) اور ان کے بچے جو عموماً یہاں رہتے ہیں۔ اس کے بعد دوسرے افراد کے نام لکھیں جو عموماً یہاں رہتے ہیں۔

| | خاندانی نام | دیا ہوا نام |
|---|---|---|
| شخص نمبر ایک: | | |
| شخص نمبر دو: | | |
| شخص نمبر تین: | | |
| شخص نمبر چار: | | |
| شخص نمبر پانچ: | | |
| شخص نمبر چھ: | | |
| شخص نمبر سات: | | |
| شخص نمبر آٹھ: | | |
| شخص نمبر نو: | | |
| شخص نمبر دس: | | |

## قدم سی (C)

کیا آپ نے کسی شخص کے نام کو قدم بی (B) میں چھوڑ دیا ہے اس لئے کہ آپ کو یقین نہیں ہے آیا وہ نام فہرست میں شامل کیا جائے؟

مثال کے طور پر:

- کوئی شخص یہاں مقیم ہے لیکن اس کا دوسرا گھر ہے
- کوئی شخص عارضی مدت کے لئے یہاں سے دور ہے

○ نہیں
○ ہاں ← اگر آپ کا جواب ہاں میں ہے تو اس شخص کا نام، اپنے ساتھ اس کے تعلق اور اس کا نام شامل نہ کرنے کی وجہ لکھیں

نام:
تعلق/
وجہ:

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

---

## قدم ڈی (D)

۱۔ جن افراد کے نام قدم بی (B) میں دئے گئے ہیں، کیا ان میں سے کوئی کسی فارم کا منتظم (farm operator) ہے جو فروخت کی خاطر مندرجہ ذیل اجناس میں سے کوئی جنس پیدا کرتا ہے؟ (فصلیں، جانور، دودھ، مرغیاں، انڈے، دوسری زراعتی پیداوار مثلاً پودگاہ یا نرسری میں اگائے ہوئے پودے، کرسمس کے درخت، گھاس کے تختے، شہد، میپل کا شیرہ، جانوروں کی پشم، وغیرہ)

○ نہیں ← (قدم ای (E) پر چلے جائیں)
○ ہاں

۲۔ کیا یہ منتظم فارم کے روزمرہ کے نظم و نسق کے بارے میں فیصلے کرتا ہے؟

○ نہیں
○ ہاں

---

## قدم ای (E)

قدم بی (B) میں درج کئے ہوئے ناموں کو اگلے صفحے پر سوال نمبر ایک میں دوبارہ لکھیں۔
ناموں کی ترتیب وہی رکھیں جو قدم بی (B) میں تھی۔

۱۔ نام

فراہم کی گئی جگہوں میں قدم بی **(B)** پر دئے گئے نام اسی ترتیب سے ایک ایک کر کے نقل کریں اور پھر ہر شخص کے بارے میں مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں:

شخص نمبر ایک
خاندانی نام: ____________________

دیا ہوا نام: ____________________

۲۔ جنس

- ○ مرد:
- ○ عورت:

۳۔ تاریخ پیدائش

| | دن | مہینہ | سال |
|---|---|---|---|
| مثال: | *1 3* | *0 2* | *1 9 5 0* |

اگر صحیح تاریخ معلوم نہ ہو تو اندازاً قریب ترین تاریخ تحریر کریں۔

تاریخ پیدائش

| دن | مہینہ | سال |
|---|---|---|
| | | |

۴ - ازدواجی حیثیت

صرف ایک سطر پر نشان لگائیں۔

- ○ کبھی قانونی طور پر شادی نہیں ہوئی (کنوارہ / کنواری)
- ○ قانونی طور پر شادی شدہ (علیحدگی نہیں ہوئی)
- ○ قانونی شادی ہے مگر علیحدگی ہے
- ○ طلاق شدہ
- ○ بیوہ / رنڈوا

۵ - کیا یہ شخص قانونی شادی کئے بغیر غیر رسمی شریک ِ زندگی **(common-law partner)** کے ساتھ رہ رہا ہے؟

غیر رسمی شریک ِ زندگی سے مراد ایک ہی جنس کے یا مخالف جنسوں کے دو اشخاص ہیں جو زوج کے طور پر اکٹھے رہ رہے ہوں لیکن قانونی لحاظ سے شادی شدہ نہ ہوں۔

- ○ ہاں
- ○ نہیں

## ٦ - شخص نمبرایک سے رشتہ ؛

ہراس شخص کا جوعموماً اس پتے پر رہائش پذیر ہے شخص نمبرایک سے رشتہ بتائیں۔

ذیل میں دیئے گئے جوابات میں سے صرف ایک پرنشان لگائیں۔

سوتیلی اولاد، لے پالک بچوں، اورغیررسمی شریکِ زندگی کی اولاد کو اپنے بیٹے بیٹیاں تصور کریں ۔

شخص نمبرایک سے دیگر رشتوں کی مثالیں مندرجہ ذیل ہیں:

- کزن (چچازاد، ماموں زاد، خالہ زاد بھائی یا بہن)
- بھتیجا / بھتیجی
- رہائش پذیر (lodger) کا خاوند / بیوی
- ہم کمرہ (room-mate) کا بیٹا / بیٹی
- ملازم
- جنسِ موافق کا شادی شدہ شریکِ زندگی

شخص نمبرایک

- ○ شخص نمبرایک

شخص نمبردو

- ○ شخص نمبرایک کا شوہر / بیوی
- ○ شخص نمبرایک کا جنسِ مخالف کا شریکِ زندگی
- ○ شخص نمبرایک کا جنسِ موافق کا شریکِ زندگی
- ○ شخص نمبرایک کا بیٹا / بیٹی
- ○ شخص نمبرایک کا داماد / بہو
- ○ شخص نمبرایک کا پوتا / پوتی / دوہتا / دوہتی
- ○ شخص نمبرایک کا والد / والدہ
- ○ شخص نمبرایک کا سسر / ساس
- ○ شخص نمبرایک کا دادا / دادی / نانا / نانی
- ○ شخص نمبرایک کا بھائی / بہن
- ○ شخص نمبرایک کا سالا / سالی
- ○ رہائش پذیر (lodger) یا اقامت پذیر (boarder)
- ○ ہم کمرہ

دیگر (بیان کریں)

____________________

____________________

## روزمرہ زندگی کی سرگرمیاں:

۷ - کیااس شخص کو دیکھنے، سننے، تبادلہ خیال کرنے، چلنے پھرنے، سیڑھیاں چڑھنے، جھکنے، تعلیم حاصل کرنے یادوسرے ایسے کاموں میں دقت کا سامنا ہوتا ہے؟

- ہاں، کبھی کبھار
- ہاں، بہت بار
- نہیں

---

۸ - کیااس شخص کی جسمانی یا دماغی حالت، یاصحت کی وجہ سے اسکی روزمرہ کی سرگرمیوں کی نوعیت یامقدار میں کوئی کمی آتی ہے؟

(الف) گھر پر؟

- ہاں، کبھی کبھار
- ہاں، بہت بار
- نہیں

(ب) کام پر یااسکول میں؟

- ہاں، کبھی کبھار
- ہاں، بہت بار
- نہیں
- لاگو نہیں ہے

(سی) دوسرے کاموں مثلاً نقل وحرکت یافرصت میں؟

- ہاں، کبھی کبھار
- ہاں، بہت بار
- نہیں

---

## سماجی اور تہذیبی معلومات:

۹ - یہ شخص کہاں پیدا ہوا تھا؟

(موجودہ ملکی سرحدوں کے مطابق صرف ایک جواب دیں)

کینیڈا میں پیدا ہوا

- نیوفاؤنڈ لینڈ / لیبراڈور
- پرنس ایڈورڈ آئی لینڈ
- نووا اسکوشیا
- نیو برنزوک
- کیوبیک
- اونٹاریو
- مینی ٹوبا
- سسکاچیوان
- البرٹا
- برٹش کولمبیا
- یوُکون
- نارتھ ویسٹ عملداری (territory)
- نوُناوت

کینیڈا سے باہر پیدا ہوا

ملک کا نام لکھیں

____________________________

۱۰ - یہ شخص کس ملک کا شہری ہے؟

اگر یہ شخص ایک سے زیادہ ملکوں کی شہریت رکھتا ہو تو اس کی نشان دہی کریں۔
شہریت حاصل کرنے سے مراد وہ طریقہء کار ہے جس میں کینیڈا کے شہریت کے قانون کی رُو سے کسی امیگرنٹ کو کینیڈا کی شہریت ملتی ہے۔

- ○ کینیڈا کا، پیدائش کی بدولت
- ○ کینیڈا کا، شہریت حاصل کرنے کی بدولت

کسی دوسرے ملک کا؛ وضاحت کریں

____________________

---

۱۱ - کیا یہ شخص اب یا کبھی مستقل سکونت پذیر (landed immigrant) رہا ہے؟

مستقل سکونت پذیر سے مراد وہ شخص ہے جسے امیگریشن کے محکمے کے حکام نے کینیڈا میں مستقل رہائش کا حق دے دیا ہو۔

- ○ نہیں ← اگر آپ کا جواب نہیں میں ہے تو سوال نمبر ۱۳ پر چلے جائیں
- ○ ہاں

---

۱۲ - یہ شخص پہلی بار کس سال مستقل سکونت پذیر ہوا؟

سال __________

اگر صحیح سال یاد نہ ہو تو بہترین تخمینہ درج کریں۔

---

۱۳ - کیا یہ شخص اتنی انگریزی یا فرانسیسی بول لیتا ہے کہ اس زبان میں گفتگو کر سکے؟

صرف ایک سطر پر نشان لگائیں۔

- ○ صرف انگریزی
- ○ صرف فرانسیسی
- ○ انگریزی اور فرانسیسی دونوں
- ○ نہ انگریزی نہ فرانسیسی

---

۱۴ - انگریزی اور فرانسیسی کے علاوہ یہ شخص کون کون سی زبانیں اتنی روانی سے بول لیتا ہے کہ ان میں گفتگو کر سکے؟

- ○ کوئی اور زبان نہیں،

**یا**

دوسری زبانوں کے نام تحریر کریں

____________________

____________________

---

۱۵ - (الف) یہ شخص گھر میں زیادہ تر کون سی زبان بولتا ہے؟

- ❍ انگریزی
- ❍ فرانسیسی

دیگر، نام لکھیں

______________________

(ب) کیا یہ شخص گھر میں کوئی دوسری زبان باقاعدگی سے بولتا ہے؟

- ❍ نہیں
- ❍ ہاں، انگریزی
- ❍ ہاں، فرانسیسی

ہاں، دوسری زبان، بیان کریں

______________________

---

۱۶ - اس شخص نے گھر پر کون سی زبان بچپن میں سب سے پہلے سیکھی تھی اور اب بھی اسے سمجھتا ہے ؟

اگر یہ شخص سب سے پہلے سیکھی ہوئی زبان بھول چکا ہے تو دوسری سیکھی ہوئے زبان کا نام لکھیں۔

- ❍ انگریزی
- ❍ فرانسیسی

دیگر زبان، بیان کریں

______________________

---

(مردم شماری کا محکمہ پچھلے سو سالوں سے زیادہ عرصے سے لوگوں کے آباء و اجداد کے بارے میں معلومات اکٹھی کر رہا ہے تا کہ کینیڈا کی متنوع آبادی کے خدوخال کا جائزہ لیا جا سکے )۔

۱۷ - اس شخص کے آباء و اجداد کا تعلق کن تہذیبی یا نسلی گروہوں سے ہے؟

مورثِ اعلیٰ سے کسی کا رشتہ عام طور پر دادا دادی سے رشتے سے زیادہ دوری پر ہوتا ہے۔

مثال کے طور پر: کینیڈین؛ انگریز؛ فرانسیسی؛ چینی؛ اطالوی؛ جرمن؛ سکاٹش؛ ایسٹ انڈین؛ آئرش؛ کری (Cree)؛ مِک میک (Micmac)؛ مے تی (Metis)؛ انووی (Eskimo)؛ یوکرینین؛ ڈچ؛ فلی پینو؛ پولش؛ پرتگالی؛ یہودی؛ جمیکن؛ ویت نامی؛ لبنانی؛ چلے اَن (Chilean)؛ سالوادورین، سومالی؛ وغیرہ۔

جتنے گروہوں کے نام لاگو ہوں، جلی حروف میں درج کریں:

______________________

______________________

______________________

______________________

---

۱۸ - کیا یہ شخص قدیم قبائل (Aboriginal) سے تعلق رکھتا ہے؟ دوسرے لفظوں میں کیا یہ شمالی امریکی انڈین یا مے تی (Metis) یا انووی (Eskimo) ہے؟

اگر جواب ہاں میں ہے تو وہ جواب چنیں جو اس شخص کی مناسب ترین تعریف کرتا ہو۔

- نہیں ← اگلے سوال کا جواب دیں
- ہاں، شمال اامریکن انڈین ہے
- ہاں، مے تی ہے
- ہاں، انووی (اسکیمو) ہے

◀ سوال نمبر ۲۰ پر چلے جائیں

---

۱۹ - یہ شخص مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

ایک سے زیادہ پر بھی نشان لگا سکتے ہیں، یا تفصیل سے لکھیں۔

یہ اطلاعات اس لئے جمع کی جارہی ہیں تا کہ ایسے پروگراموں کی اعانت کی جا سکے جن سے تمام لوگوں کو کینیڈا کی سماجی، ثقافتی اور معاشی زندگی میں شرکت کرنے کے یکساں مواقع میسر آسکیں۔

- سفید فام
- چینی
- جنوبی ایشین (مثلاً ہندوستانی، پاکستانی، سری لنکن، وغیرہ)
- سیاہ فام
- فلی پینو
- لاطینی امریکی
- جنوب مشرقی ایشین (مثلاً ویت نامی، کمبوڈین، ملیشین، لاؤشین، وغیرہ)
- عرب
- مغربی ایشین (مثلاً افغانی، ایرانی، وغیرہ)
- کورین
- جاپانی

دیگر، بیان کریں

____________________

---

۲۰ - کیا یہ شخص کسی انڈین بینڈ یا اولین قوم (Indian Band / First Nation) کا ممبر ہے؟

- نہیں
- ہاں، انڈین بینڈ یا اولین قوم کا ممبر ہے

↓

بینڈ یا قوم کا نام لکھیں، مثلاً مُسکیم (Musqueam)

____________________

---

۲۱ ▬ کینیڈا کے انڈین ایکٹ کے مطابق کیا یہ شخص میثاقی (Treaty) یا رجسٹرڈ انڈین ہے؟

- ○ نہیں
- ○ ہاں، میثاقی یا رجسٹرڈ انڈین ہے

---

## نقل وحرکت

۲۳ ▬ آج سے ایک سال پہلے، یعنی ۱۶ مئی ۲۰۰۵ء کو یہ شخص کہاں مقیم تھا؟

صرف ایک جواب پر نشان لگائیں۔

**نوٹ:**

ان لوگوں کے لئے جنہوں نے تیسرے حصے پر نشان لگایا ہے،
شہر یا قصبے کا نام لکھیں بجائے بلدیہء عظمی کے نام کے جس کا وہ شہر یا قصبہ حصہ ہو۔

**مثلاً**

- سانچ (Saanich) بجائے بلدیہء عظمی وکٹوریا (Victoria) کے،
- یا سینٹ البرٹ (St. Albert) بجائے بلدیہء عظمی ایڈمنٹن (Edmonton) کے،
- یا لاوال (Laval) بجائے بلدیہء عظمی مونٹریال (Montreal) کے۔

- ○ اسی پتے پر جہاں اب ہے
- ○ مختلف پتے پر لیکن اسی شہر، قصبے، گاؤں، ٹاؤن شپ، میونسپلٹی میں یا انڈین ریزرو پر
- ○ کینیڈا میں کسی دوسرے شہر، قصبے، گاؤں، ٹاؤن شپ، میونسپلٹی میں یا انڈین ریزرو پر

↓

اس شہر، قصبے، گاؤں، ٹاؤن شپ، میونسپلٹی یا انڈین ریزرو
کا نام لکھیں

________________

________________

صوبہ یا عملداری

________________

پوسٹل کوڈ

_______ _______

- ○ کینیڈا سے باہر مقیم تھا

↓

ملک کا نام لکھیں:

________________

---

۲۴ - آج سے پانچ سال پہلے، یعنی ۱۶ مئی ۲۰۰۱ء کو یہ شخص کہاں مقیم تھا؟

صرف ایک جواب پر نشان لگائیں۔

**نوٹ:**

ان لوگوں کے لئے جنہوں نے تیسرے حصے پر نشان لگایا ہے،
شہر یا قصبے کا نام لکھیں بجائے بلدیہءعظمی کے نام کے جس کا وہ شہر یا قصبہ حصہ ہو۔

**مثلاً**

- سانچ (Saanich) بجائے بلدیہءعظمی وکٹوریا (Victoria) کے،
- یا سینٹ البرٹ (St. Albert) بجائے بلدیہءعظمی ایڈمنٹن (Edmonton) کے،
- یا لاوال (Laval) بجائے بلدیہءعظمی مونٹریال (Montreal) کے۔

○ اسی پتے پر جہاں اب ہے

○ مختلف پتے پر لیکن اسی شہر، قصبے، گاؤں، ٹاؤن شپ، میونسپلٹی میں یا انڈین ریزروپر

○ کینیڈا میں کسی دوسرے شہر، قصبے، گاؤں، ٹاؤن شپ، میونسپلٹی میں یا انڈین ریزروپر

↓

اس شہر، قصبے، گاؤں، ٹاؤن شپ، میونسپلٹی یا انڈین ریزرو
کا نام لکھیں

____________________

____________________

صوبہ یا عملداری

____________________

پوسٹل کوڈ

__________ __________

○ کینیڈا سے باہر مقیم تھا

↓

ملک کا نام لکھیں:

____________________

## والدین کی جائے پیدائش

۲۵ - اس شخص کے والدین کہاں پیدا ہوئے تھے؟

(الف) **والد**

موجودہ ملکی سرحدوں کے مطابق جواب دیں۔

**والد**

- ❍ کینیڈا میں جنم ہوا
- کینیڈا سے باہر جنم ہوا

ملک کا نام لکھیں:

________________

(ب) **والدہ:**

موجودہ ملکی سرحدوں کے مطابق جواب دیں:

**والدہ**

- ❍ کینیڈا میں جنم ہوا
- کینیڈا سے باہر جنم ہوا

ملک کا نام لکھیں:

________________

---

## تعلیمی استعداد:

۲۶ - کیا اس شخص نے سیکنڈری (ہائی) سکول ڈپلوما یا اس کے مساوی درجے تک تعلیم حاصل کی ہے؟

سیکنڈری (ہائی) سکول یا اس کے مساوی تعلیم کی مثالیں حسب ذیل ہیں: جنرل ایجوکیشن ڈیولپمنٹ (DEG) اور بنیادی تعلیم بالغان (ABE)۔

سیکنڈری (ہائی) سکول ڈپلوما / سرٹیفکیٹ

- ❍ ہاں، سیکنڈری (ہائی) سکول ڈپلوما حاصل کیا ہے
- ❍ ہاں، سیکنڈری (ہائی) سکول کے مساوی سرٹیفکیٹ حاصل کیا ہے
- ❍ نہیں، اتنی تعلیمی استعداد نہیں

۲۷ - کیااس شخص نے رجسٹرڈ اپرنٹس شِپ مکمل کی ہے یا کوئی دوسرا صنعتی سرٹیفکیٹ یا ڈپلوما حاصل کیا ہے ؟
جتنی جگہوں پرنشان لگانے کی ضرورت ہولگا ئیں۔
مثال کے طور پر:
- ہیر ڈریسنگ کا کورس
- سی این سی (CNC) مستری کا کورس

رجسٹرڈ اپرنٹس شِپ یا صنعتی سرٹیفکیٹ یا ڈپلوما:

- ○ ہاں، رجسٹرڈ اپرنٹس شِپ کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا ہے
- ○ ہاں، کوئی دوسرا صنعتی سرٹیفکیٹ یا ڈپلوما لیا ہے۔
- ○ نہیں

---

۲۸ - کیااس شخص نے کسی کالج یا سے جیپ (Cegep) سے تعلیم مکمل کی ہے یا یونیورسٹی سے باہر کسی پروگرام میں کوئی ڈپلوما یا سر ٹیفکیٹ حاصل کیا ہے؟
جتنی جگہوں پرنشان لگانے کی ضرورت ہولگا ئیں۔
مثال کے طور پر:
- مثلاً اکاؤنٹنگ ٹیکنالوجی
- ریئل اسٹیٹ ایجنٹ
- انڈسٹریل انجنیر نگ ٹیکنالوجی

کالج، سے جیپ یا دوسرے نان یونیورسٹی پروگراموں میں سر ٹیفکیٹ یا ڈپلومے

- ○ ہاں، تین ماہ سے کم مدت کے پروگرام میں سر ٹیفکیٹ یا ڈپلوما
- ○ ہاں، تین ماہ سے لے کر ایک سال سے کم مدت کے پروگرام میں سر ٹیفکیٹ یا ڈپلوما
- ○ ہاں، ایک سال سے دوسال کی مدت کے پروگرام میں سر ٹیفکیٹ یا ڈپلوما
- ○ ہاں، دوسال سے زیادہ مدت کے پروگرام میں سر ٹیفکیٹ یا ڈپلوما
- ○ نہیں، اتنی تعلیمی استعداد نہیں

---

۲۹ - کیااس شخص نے یونیورسٹی سے کوئی ڈگری یا سر ٹیفکیٹ یا ڈپلوما حاصل کیا ہے؟
جتنی جگہوں پرنشان لگانے کی ضرورت ہولگا ئیں
یونیورسٹی ڈگری، سرٹیفکیٹ یا ڈپلوما

- ○ ہاں، بی اے کی سطح سے کم سر ٹیفکیٹ یا ڈپلوما
- ○ ہاں، بی اے کی ڈگری (بشمولیت قانون میں بی اے کی ڈگری)
- ○ ہاں، بی اے کی سطح سے بالا سر ٹیفکیٹ یا ڈپلوما
- ○ ہاں، ماسٹرز کی ڈگری
- ○ ہاں، میڈیسن یا ڈینٹسٹری یا ویٹرنری میڈیسن یا آپٹومیٹری میں ڈگری
- ○ ہاں، ڈاکٹریٹ کی سند حاصل کی ہے
- ○ نہیں، اتنی تعلیمی استعداد نہیں

---

۳۰ - اس شخص کی افضل ترین ڈگری، سرٹیفکیٹ یا ڈپلوما کا خاص تعلیمی میدان کیا تھا؟
**وضاحت سے بیان کریں۔ مثلاً:**

- کار مکینکس ؛
- سول انجنیرنگ ؛
- ڈینٹل ٹیکنالوجی ؛
- طیاروں کی مکینکس ؛
- میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی ؛
- بچوں کی روزانہ نگہداشت ؛
- زراعتی معاشیات ۔

خاص تعلیمی میدان

____________________
____________________
____________________
____________________

**یا**

○ اس شخص کی افضل ترین سند کسی سکول یا سرٹیفکیٹ سے افضل نہیں ◄ سوال نمبر ۳۲ پر چلے جائیں

---

۳۱ - اس شخص نے کس صوبے یا عملداری یا ملک میں اپنی افضل ترین ڈگری پر کام کیا تھا؟
**کینیڈا میں:**
صوبے یا عملداری کا نام لکھیں

____________________

**یا**

**کینیڈا سے باہر:**

ملک کا نام لکھیں

____________________

---

۳۲ - کیا اس شخص نے ستمبر ۲۰۰۵ء سے لیکر اب تک کسی موقع پر سکول، کالج، سے جیپ (Cegep) یا یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی؟
جتنی جگہوں پر نشان لگانے کی ضرورت ہو لگائیں۔

○ ہاں، پرائمری، جونیئر ہائی یا ہائی سکول میں تعلیم حاصل کی
○ ہاں، صنعتی سکول، کالج، سے جیپ، یا یونیورسٹی سے باہر کسی ادارے میں داخلہ لیا
○ ہاں، یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی
○ نہیں، ستمبر ۲۰۰۵ء سے اب تک کسی ادارے میں داخلہ نہیں لیا

---

## گھریلو کام کاج

**نوٹ:**
پچھلے ہفتے سے مراد اتوار ۷ مئی سے لے کر ہفتہ ۱۳ مئی ۲۰۰۶ء تک ہے۔
سوال نمبر ۳۳ میں ہر کام پر جتنا وقت خرچ کیا گیا ہو درج کریں، خواہ دو یا دو سے زیادہ کام ایک ہی وقت میں کئے گئے ہوں۔

۳۳ - پچھلے ہفتے اس شخص نے مندرجہ ذیل کاموں میں کتنے گھنٹے صرف کئے؟

(الف) بغیر اجرت گھر کی دیکھ بھال یا یارڈ میں کام، خواہ اپنے گھر کے افراد کے لئے خواہ دوسروں کے لئے:
(مثال کے طور پر کھانا پکانا، کار کو دھونا، کپڑوں کی لانڈری کرنا، گھاس کاٹنا، سودا سلف خریدنا، گھر کا حساب کتاب رکھنا، وغیرہ)

- ○ کچھ نہیں
- ○ ۵ گھنٹوں سے کم
- ○ ۵ سے لیکر ۱۴ گھنٹوں تک
- ○ ۱۵ سے لیکر ۲۹ گھنٹوں تک
- ○ ۳۰ سے لیکر ۵۹ گھنٹوں تک
- ○ ۶۰ گھنٹے یا ان سے زائد

(ب) بغیر اجرت کے اپنے یا دوسروں کے بچوں کی دیکھ بھال:
(مثال کے طور پر بچوں کو نہلانا یا ان کے ساتھ کھیلنا، اُنہیں گاڑی میں کھیل کے میدان میں لیجانا یا ان کے سکول کا کام کروانا، تیرہ سے انیس سال کے بچوں سے ان کے مسائل پر گفتگو کرنا، وغیرہ)

- ○ کچھ نہیں
- ○ ۵ گھنٹوں سے کم
- ○ ۵ سے لیکر ۱۴ گھنٹوں تک
- ○ ۱۵ سے لیکر ۲۹ گھنٹوں تک
- ○ ۳۰ سے لیکر ۵۹ گھنٹوں تک
- ○ ۶۰ گھنٹے یا ان سے زائد

(ج) بغیر کسی اجرت کے بزرگوں کا خیال رکھنا یا ان کی مدد کرنا:
(مثال کے طور پر اپنے خاندان کے کسی بزرگ کا ذاتی خیال رکھنا؛ بزرگوں سے ملاقات کرنا؛ ان سے فون پر بات کرنا؛ سودا سلف خریدنے یا بنک سے لین دین کرنے یا دوائیاں استعمال کرنے میں ان کی مدد کرنا، وغیرہ)

- ○ کچھ نہیں
- ○ ۵ گھنٹوں سے کم
- ○ ۵ سے لیکر ۹ گھنٹوں تک
- ○ ۱۰ سے لیکر ۱۹ گھنٹوں تک
- ○ ۲۰ گھنٹے یا ان سے زائد

## محنت مزدوری کی سرگرمی

۳۴ - پچھلے ہفتے میں اس شخص نے کتنے گھنٹے تنخواہ پر کام کیا یا ذاتی کاروبار میں لگا رہا؟

**تمام کاموں میں صرف کئے ہوئے گھنٹوں کی تعداد لکھیں خواہ وہ کام تنخواہ پر کئے گئے ہوں یا ذاتی کاروبار میں لگائے گئے ہوں، مثلاً**

- اجرت، تنخواہ، کمیشن یا بخشیش کے لئے کام؛
- اپنے ذاتی کاروبار میں یا فارم پر یا اپنے پیشے میں کام، اکیلے یا شراکت داری میں؛
- اجرت کا حساب کئے بغیر اپنے خاندانی فارم پر یا بزنس میں کام (جیسے بیجائی کرنے یا حساب کتاب میں مدد)

کل جتنے گھنٹے کام کیا (قریب ترین مکمل گھنٹہ)

__________ ← سوال نمبر ۴۰ پر پہنچ جائیں

**یا**

○ کوئی کام نہیں کیا ← اگلے سوال کا جواب دیں

---

۳۵ - کیا یہ شخص پچھلے ہفتے میں اپنی ملازمت یا کاروبار سے غیر حاضر تھا یا عارضی طور پر برطرف کر دیا گیا تھا؟

**صرف ایک جواب دیں:**

○ نہیں
○ ہاں، عارضی طور پر برطرف کر دیا گیا تھا لیکن اپنی نوکری پر واپسی کی توقع ہے
○ ہاں، تعطیلات پر تھا یا بیمار تھا، ہڑتال پر تھا یا کارخانے کی قفل بندی تھی، یا دیگر وجوہات کی بنا پر غیر حاضر تھا

---

۳۶ - پچھلے ہفتے کیا اس شخص نے اگلے چار ہفتوں میں نئی نوکری شروع کرنے کے قطعی انتظامات کئے تھے؟

○ نہیں
○ ہاں

---

۳۷ - کیا پچھلے چار ہفتوں میں اس شخص نے معاوضے کے ساتھ کام کی تلاش کی؟

مثلاً کیا اس شخص نے کسی نوکری کی ایجنسی سے رجوع کیا یا مالکان سے رابطہ کیا یا اخبار میں تلاشِ روزگار کا اشتہار دیا یا کسی ایسے اشتہار کا جواب دیا، وغیرہ؟

**صرف ایک جواب دیں:**

○ نہیں ← سوال نمبر ۳۹ پر پہنچ جائیں
○ ہاں، ہمہ وقتی کام کی تلاش کی
○ ہاں، جزوقتی کام کی تلاش کی (ایک ہفتے میں ۳۰ گھنٹے سے کم کے لئے)

---

۳۸ - اگر پچھلے ہفتے کوئی نوکری دستیاب ہوتی تو کیا یہ شخص کام کرنے کو تیار ہوتا؟

**صرف ایک جواب دیں:**

- ❍ ہاں، کام شروع کر سکتا تھا
- ❍ نہیں، پہلے سے اس کے پاس کام تھا
- ❍ نہیں، عارضی بیماری یا معذوری کی بنا پر کام نہیں کر سکتا تھا
- ❍ نہیں، ذاتی یا خاندانی ذمہ داریوں کی وجہ سے کام نہیں کر سکتا تھا
- ❍ نہیں، سکول میں داخلے لے رکھا تھا
- ❍ نہیں، دیگر وجوہات تھیں

---

۳۹ - خواہ چندروز ہی سہی، لیکن اس شخص نے آخری بار کب معاوضے کی خاطر نوکری کی تھی یا ذاتی کاروبار کیا تھا؟

**صرف ایک جواب دیں**

- ❍ **۲۰۰۶ء میں** ← اگلے سوال پر چلے جائیں
- ❍ **۲۰۰۵ء میں** ← اگلے سوال پر چلے جائیں
- ❍ ۲۰۰۵ء سے پہلے ← سوال نمبر ۵۱ پر چلے جائیں
- ❍ کبھی نہیں ← سوال نمبر ۵۱ پر چلے جائیں

---

**نوٹ:** ۴۰ سے لیکر ۴۸ تک سوالات پچھلے ہفتے میں اس شخص کی ملازمت یا کاروبار کے بارے میں ہیں۔

اگر اس شخص کے پاس پچھلے ہفتے کام نہیں تھا تو جواب میں یکم جنوری ۲۰۰۵ء سے لیکر اب تک اس شخص کی اس ملازمت کا حوالہ دیں جو طویل ترین تھی۔ اگر اس شخص کے پاس پچھلے ہفتے ایک سے زیادہ ملازمتیں تھیں تو اس ملازمت کا حوالہ دیں جس میں اس نے سب سے زیادہ گھنٹے صرف کئے۔

۴۰ - اس شخص نے کس کے لئے کام کیا؟

ان لوگوں کے لئے جو ذاتی کاروبار کر رہے تھے، کاروبار کا نام درج کریں۔ اگر کاروبار کا کوئی نام نہیں تھا تو اس شخص کا اپنا نام درج کریں۔

**مثال کے طور پر:**

فرم یا سرکاری ایجنسی کا نام:

**A B C  C O N C R E T E  P R O D U C T S  L I M I T E D**

فرم یا سرکاری ایجنسی کا نام

____________________

____________________

____________________

____________________

سیکشن، پلانٹ، محکمہ، وغیرہ (اگر لاگو ہوں)

____________________

____________________

۴۱ - اس کاروبار،صنعت یاملازمت کی نوعیت کیاتھی؟

وضاحت کریں: مثال کےطور پر:

- نئے گھروں کی تعمیر؛
- پرائمری سکول ؛
- میونسپل پولیس ؛
- گندم کے کھیت میں کام؛
- جوتوں کی دکان میں نوکری؛
- خوراک کی تھوک تقسیم کا کام؛
- کاروں کے پرزوں کی فیکٹری میں ملازمت۔

کاروبار، صنعت یاملازمت کی نوعیت

---

۴۲ - اس کاروبار،صنعت یاملازمت میں اس شخص کا اپنا کام کس قسم کا تھا؟

وضاحت کریں: مثلاً

- قانونی سیکریٹری؛
- پلمبر؛
- ماہی گیری کا گائڈ؛
- لکڑی کا فرنیچر جوڑنے والا؛
- سیکنڈری سکول کا استاد۔

(اگرآپ فوج میں ہیں تواپنا عہدہ بتائیں)

پیشہ

---

۴۳ - اپنے پیشے میں اس شخص کے نمایاں فرائض کیا تھے؟

وضاحت کریں: مثلاً:

- قانونی دستاویزیں تیار کرنا؛
- گھروں میں پلمبنگ لگانا؛
- ماہی گیری کے جتھوں کوراستہ دکھانا؛
- لکڑی سے فرنیچراوردوسری مصنوعات بنانا؛
- ریاضی پڑھانا۔

نمایاں فرائض

---

۴۴- اس کاروبار یا ملازمت میں یہ شخص بنیادی طور پر ....... تھا

**صرف ایک جواب دیں**

- ○ اجرت، تنخواہ، کمیشن یا بخشیش پر کام کر رہا تھا ← سوال نمبر ۴۶ پر چلے جائیں
- ○ خاندانی فارم یا کاروبار میں اپنے زوج یا کسی رشتہ دار کے لئے کام کر رہا تھا ← سوال نمبر ۴۶ پر چلے جائیں
- ○ تنخواہ دار ملازم کے بغیر ذاتی کام (اکیلے یا شراکت میں) کر رہا تھا؟
- ○ تنخواہ دار ملازم کے ساتھ ذاتی کام (اکیلے یا شراکت میں) کر رہا تھا؟

---


۴۵- ذاتی کاروبار کی صورت میں کیا اس شخص کا دھندہ / فارم انکارپوریٹڈ (incorporated) تھا؟

- ○ ہاں
- ○ نہیں

---

۴۶- اس شخص نے زیادہ وقت کے لئے عموماً کس پتے پر کام کیا؟

**مثال:**




اگر سمت یا رخ (مثلاً نارتھ، ساؤتھ، ایسٹ یا ویسٹ) پتے کا جزو ہو تو اسے پتے میں شامل کریں۔

اگر شاہراہ یا گلی کا پتا معلوم نہ ہو یا وہ پوسٹ آفس باکس ہو تو عمارت یا نزدیک ترین چوک کا نام لکھیں۔ پوسٹ آفس باکس نہ لکھیں۔

شہر یا قصبے کا نام لکھیں، بجائے بلدیہءِ عظمیٰ کے جس کا وہ شہر یا قصبہ حصّہ ہو۔

**مثال کے طور پر:**

- بلدیہءِ عظمیٰ وکٹوریہ کی بجائے سانچ کا نام لکھیں؛
- بلدیہءِ عظمیٰ ایڈمنٹن کی بجائے سینٹ البرٹ کا نام لکھیں،
- بلدیہءِ عظمیٰ مانٹریال کی بجائے لاوال کا نام لکھیں۔

اگر ملازمت کا پتا مالک کے پتے سے مختلف ہو تو وہ پتا لکھیں جہاں یہ شخص دراصل کام کرتا رہا ہو۔ (مثال کے طور پر: اسکول کے استاد اسکول کا پتا لکھیں، سکول بورڈ کا نہیں)

- گھر پر کام کیا (بشمول فارم کے) ← سوال نمبر ۴۸ پر چلے جائیں
- کینیڈا سے باہر کام کیا ← سوال نمبر ۴۸ پر چلے جائیں
- کام کی جگہ کا کوئی مستقل ٹھکانا نہیں ← سوال نمبر ۴۷ پر چلے جائیں
- نیچے دی ہوئی جگہ پر کام کیا

مکمل پتا لکھیں (اوپر دی گئی مثال ملاحظہ کریں)

گلی یا شاہراہ

______________________

______________________

______________________

شہر، قصبہ، گاؤں، ٹاؤن شپ، میونسپلٹی، انڈین ریزرو

______________________

______________________

صوبہ یا عملداری

______________________

پوسٹل کوڈ

_______ _______

---

۴۷ - عموماً یہ شخص کس ذریعے سے اپنے کام پر پہنچتا رہا؟

اگر یہ شخص ایک سے زیادہ ذرائع سے کام پر جاتا رہا ہو تو اس ذریعے کی نشان دہی کریں جو اس نے زیادہ سے زیادہ فاصلے کے لئے استعمال کیا ہو۔

- کار، ٹرک یا وین میں (ڈرائیور کی حیثیت سے)
- کار، ٹرک یا وین میں (مسافر کی حیثیت سے)
- پبلک ذرائع رسل و رسائل سے (مثال کے طور پر: بس یا ٹرام یا زیرِ زمین ٹرین یا چھوٹی لائن کی ٹرین یا کمیوٹر ٹرین یا فیری سے)
- پیدل کام پر جاتا رہا
- سائیکل سے
- موٹر سائیکل سے
- ٹیکسی سے
- کسی دیگر ذریعے سے

---

۴۸ - (الف) یہ شخص اپنی نوکری پر عموماً کون سی زبان استعمال کرتا رہا؟

- انگریزی
- فرانسیسی

دیگر زبان؛ وضاحت کریں

______________________________

(ب) کیا اس شخص نے اپنی نوکری پر کوئی اور زبان با قاعدگی سے استعمال کی؟

- نہیں
- ہاں، انگریزی
- ہاں، فرانسیسی

ہاں، دیگر زبان؛ وضاحت کریں

______________________________

---

۴۹ - ۲۰۰۵ء کے دوران اس شخص نے کتنے ہفتے کام کیا؟

۲۰۰۵ء میں ان تمام ہفتوں کا حساب لگا کر لکھیں جن میں اس شخص نے تمام ملازمتوں پر تنخواہ پر کام کیا، یا ذاتی روزگار کے لئے کام کیا:

اپنے جواب میں وہ ہفتے بھی شامل کریں جن میں یہ شخص تعطیل پر تھا،

- یا تنخواہ سمیت بیماری کی چھٹی پر تھا؛
- یا اس نے ہمہ وقتی یا جز وقتی کام کیا؛
- یا اجرت، تنخواہ، کمیشن یا بخشیش کی خاطر کام کیا؛
- یا ذاتی روزگار پر تھا؛
- یا اس نے با قاعدہ تنخواہ کا فیصلہ کئے بغیر اپنے خاندانی فارم پر یا تجارت کے لئے کام کیا۔

- کچھ نہیں کیا ← سوال نمبر ۵۱ پر چلے جائیں

**یا**

ہفتے کام کیا ← ____________

---

۵۰ - ان تمام ہفتوں میں اس شخص نے ہمہ وقتی بنیادوں پر کام کیا یا جز وقتی؟

**صرف ایک جواب دیں:**

- ہمہ وقتی (۳۰ گھنٹے یا اس سے زیادہ فی ہفتہ)
- جز وقتی (۳۰ گھنٹے سے کم فی ہفتہ)

---

## ۲۰۰۵ء میں آمدن:

**۵۱ -** وقت بچانے کی خاطر، آپ سوال نمبر ۵۲ کا جواب دینے کی بجائے شماریات کینیڈا کو اپنے ٹیکس واپسی (Return) فارم میں درج کی ہوئی آمدن کے اعداد و شمار استعمال کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں۔

- یہ اختیار صرف ان لوگوں کو حاصل ہوگا جنہوں نے ۳۱ دسمبر ۲۰۰۵ء سے پہلے اپنے ٹیکس واپسی فارم جمع کرائے ہیں۔
- یہ یاد رکھئے کہ آمدن کے بارے میں دی ہوئی آپ کی اطلاعات صرف اعداد و شمار جمع کرنے کے لئے استعمال کی جائیں گی۔

کیا یہ شخص شماریات کینیڈا کو اپنے ٹیکس واپسی فارم میں، جو ۳۱ دسمبر ۲۰۰۵ء سے پہلے جمع کرایا گیا تھا، درج شدہ اطلاعات کو استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے؟

○ ہاں، اجازت ہے ← سوال نمبر ۵۳ پر چلے جائیں
○ نہیں ← سوال نمبر ۵۲ کا جواب دیں

---

**۵۲ -** دسمبر ۲۰۰۵ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران کیا اس شخص نے نیچے درج کئے ہوئے ذرائع سے کوئی آمدن وصول کی؟

تمام ذرائع کے لئے 'ہاں' یا 'نہیں' میں جواب دیں۔ اگر جواب 'ہاں' میں ہے تو آمدن کی رقم بھی درج کریں۔ نقصان کی صورت میں لفظ 'نقصان' تحریر کریں۔

### اجرت والی ملازمت:

(الف) تمام اجرتیں اور تنخواہیں، کمیشن، بونس، بخشیش محصول کے لائق فوائد، تحقیق کے لئے وظیفے، رائلٹیاں وغیرہ

○ ہاں

← .00 ______ ______ ____ ڈالر

○ نہیں

---

### ذاتی ملازمت:

(ب) زراعتی فارم سے صافی (net) کمائی: (مجموعی آمدن منفی اخراجات) اس میں وظیفہ جات اور امدادی رقوم جو فارم کی اعانت کے پروگراموں کے تحت آتی ہیں، اور مارکیٹنگ بورڈ کی ادائیگیاں اور مجموعی انشورنس سے مالی معاوضے بھی شامل ہیں۔

○ ہاں

← .00 ______ ______ ____ ڈالر

○ نقصان

○ نہیں

(ج) زراعتی فارم کی آمدن سے علاوہ کمائی جو غیر انکارپوریٹڈ بزنس یا پیشے کی پیروی(professional practice) وغیرہ سے ہو (آمدن منفی اخراجات)

○ ہاں

↲ .00 ______ ______ ____ ڈالر

○ نقصان

○ نہیں

---

## حکومت سے آمدن:

(د) بچوں کے استفادات (child benefits) جیسے کہ بچوں کے ٹیکس کے استفادات؛ فیملی الاؤنس (مرکزی حکومت، صوبائی حکومت اور عملداری کی جانب سے)

○ ہاں

↲ .00 ______ ______ ____ ڈالر

○ نہیں

(ر) بڑھاپے کی کفالتی پنشن، ضمانت شدہ آمدن کا سپلیمنٹ، الاؤنس اور پس ماندہ زوج کا(survivor's) الاؤنس (صرف مرکزی حکومت کی جانب سے)؛ (صوبائی حکومت سے حاصل کی ہوئی آمدن کو 'ص' کے خانے میں درج کریں)

○ ہاں

↲ .00 ______ ______ ____ ڈالر

○ نہیں

(س) کینیڈا یا کیوبیک پنشن پلان سے استفادات:

○ ہاں

↲ .00 ______ ______ ____ ڈالر

○ نہیں

(ش) ایمپلائمنٹ انشورنس سے معاوضہ (کل معاوضہ منفی ٹیکس منہائی deductions)

○ ہاں

↲ .00 ______ ______ ____ ڈالر

○ نہیں

(ص) حکومتی ذرائع سے دیگر آمدن: مثلاً صوبائی آمدن سپلیمنٹ اور دیگر معاوضے؛ جی ایس ٹی / کیو ایس ٹی / ایچ ایس ٹی کریڈٹ؛ صوبائی ٹیکس کریڈٹ؛ محنت کشوں کے معاوضات (workers' compensation)؛ سابقہ فوجیوں (veterans') کی پنشن؛ ویلفیر کی ادائیگیاں وغیرہ۔

ہاں ○

↲ .00 ______ ______ ____ ڈالر

نہیں ○

## دیگر آمدن:

(ض) منافعہ جات (dividends) اور بانڈز زیر بیاج (interest)؛ ڈیپازٹ اور بچت کے سرٹیفیکیٹ اور دیگر سرمایہ کاری سے حاصل کیا ہوا منافع، جیسے کہ جائداد سے صافی کرایہ جات یا گروی نامہ (mortgage) سے بیاج وغیرہ۔ اصل زر میں منافع یا نقصان (capital gains/losses) کو اعداد و شمار میں شامل نہ کریں۔

ہاں ○

↲ .00 ______ ______ ____ ڈالر

نقصان ○

نہیں ○

(ط) ریٹائرمنٹ پنشن، پیرانہ سالی (superannuation) کا وظیفہ اور سالانہ مشاہرہ (annuities)؛ ان میں وہ رقوم بھی شامل ہیں جو RRSP یا RRIF سے وصول ہوں۔ پنشن پلان یا RRSP سے واپس لی ہوئی رقوم اس میں شامل نہ کریں۔

ہاں ○

↲ .00 ______ ______ ____ ڈالر

نہیں ○

(ظ) دیگر آمدن: مثلاً نان نفقہ (alimony)؛ بچوں کی پرورش کی رقوم اور وظائف۔

ہاں ○

↲ .00 ______ ______ ____ ڈالر

نہیں ○

۲۰۰۵ء میں مندرجہ بالا تمام ذرائع سے کل آمدن:

○ ہاں

↵ .00 ______ _______ ____ ڈالر

○ نقصان

○ نہیں

---

۲۰۰۵ء میں آمدن پر جو انکم ٹیکس ادا کیا گیا (مرکزی، صوبائی اور عملداری کی حکومتوں کو):

◄ .00 ______ _______ ____ ڈالر

---

مندرجہ ذیل سوال ان تمام لوگوں کے لئے ہے جو عموماً یہاں رہتے ہیں (بشمول ان کے جن کی عمر ۱۵ برس سے کم ہے)۔ اگر آپ دوسرے لوگوں کی جانب سے جواب دے رہے ہوں تو ان سے مشورہ کر لیں۔

۵۳ - مردم شماری کا قانون ضمانت دیتا ہے کہ مردم شماری میں دی ہوئی آپ کی اطلاعات کو صیغہء راز میں رکھا جائے گا۔ صرف اس صورت میں جب آپ نیچے ''ہاں'' کے خانے میں نشان لگائیں گے تو آپ کی ذاتی اطلاعات کو عام کیا جا سکتا ہے، اور وہ بھی ۲۰۰۶ء کی مردم شماری کے ۹۲ سال بعد۔ اگر آپ ''نہ'' کے خانے میں نشان لگائیں گے یا خانہ خالی چھوڑ دیں گے تو آپ کی ذاتی اطلاعات کو کبھی بھی عام نہیں کیا جا سکے گا۔

کیا یہ شخص اپنی ۲۰۰۶ء کی مردم شماری میں دی ہوئی اطلاعات کو ۲۰۹۸ء میں (۹۲ سال بعد) عام کرنے کی اجازت دیتا ہے؟

- ○ ہاں
- ○ نہیں

---

# قدم الیف F

اپنی رہائش گاہ سے متعلق سوالات نمبر ق۱ H1 سے ق۸ H8 تک کا جواب دیں:

رہائش گاہ وہ جگہ تصور کی جاتی ہے جس کا باہر سے اندر جانے کا راستہ علیحدہ اور ذاتی ہو، خواہ وہ راستہ مشترک ہال میں سے یا مشترک سیڑھیوں میں سے ہو۔ یہ راستہ کسی اور کے گھر سے ہو کر نہ جاتا ہو۔

**ق۱** اس رہائش کا کرایہ یا مارگیج، ٹیکس اور بجلی کا بل کون ادا کرتا ہے؟

اگر ایک سے زیادہ اشخاص ادائیگی کرتے ہوں تو نیچے زیادہ جگہوں پر نشان لگائیں۔

- ❍ شخص نمبر ۱
- ❍ شخص نمبر ۲
- ❍ شخص نمبر ۳
- ❍ شخص نمبر ۴
- ❍ شخص نمبر ۵
- ❍ ایسا شخص جس کا اِسی رہائش کے سلسلے میں کسی اور سوالنامے میں ذکر ہے
- ❍ ایسا شخص جو یہاں مقیم نہیں ہے

---

**ق۲** کیا یہ رہائش گاہ ۔۔۔؟

صرف ایک جگہ نشان لگائیں

- ❍ آپکی اپنی یا اس گھر کے کسی فرد کی ملکیت ہے (خواہ اسکی ادائیگی ابھی جاری ہو)؟
- ❍ کرائے پر ہے (خواہ نقد کرایہ ادا نہیں کیا جاتا)

---

**ق۳** (الف) اس رہائش گاہ میں کتنے کمرے ہیں؟

باورچی خانہ، سونے کا ہر کمرہ، بالاخانے (attic) اور تہہ خانے (basement) میں تیار کمروں کو گنتی میں شامل کریں۔
غسل خانوں، راہداریوں، دالانوں اور صرف کاروبار کے لئے استعمال کئے جانے والے کمروں کو شامل نہ کریں۔

کمروں کی تعداد ➔ ______

(ب) ان کمروں میں سونے کے کمرے کتنے ہیں؟

سونے کے کمروں کی تعداد ➔ ______

---

ق ۴ یہ رہائش گاہ ابتدا میں کب تیار ہوئی تھی؟

اس زمانے کی نشان دہی کریں جب یہ عمارت پہلے پہل مکمل ہوئی تھی۔ اس کے بعد کا وہ زمانہ شامل نہ کریں جب اس میں اضافہ یا ردوبدل یا ترمیم کی گئی ہو۔ اگر صحیح سال معلوم نہ ہو تو بہترین تخمینہ لگائیں۔

- ○ ۱۹۲۰ء یا اس سے قبل
- ○ ۱۹۲۱ء سے ۱۹۴۵ء تک
- ○ ۱۹۴۶ء سے ۱۹۶۰ء تک
- ○ ۱۹۶۱ء سے ۱۹۷۰ء تک
- ○ ۱۹۷۱ء سے ۱۹۸۰ء تک
- ○ ۱۹۸۱ء سے ۱۹۸۵ء تک
- ○ ۱۹۸۶ء سے ۱۹۹۰ء تک
- ○ ۱۹۹۱ء سے ۱۹۹۵ء تک
- ○ ۱۹۹۶ء سے ۲۰۰۰ء تک
- ○ ۲۰۰۱ء سے ۲۰۰۶ء تک

---

ق ۵ کیا اس رہائش گاہ کو مرمت کی ضرورت ہے؟

زیبائشی تعمیر (remodelling) یا اضافوں کو اس میں شامل نہ کریں:

- ○ نہیں، سوائے روزمرہ کی خبرگیری کے (جیسے رنگ روغن، صفائی وغیرہ)
- ○ ہاں، چھوٹی موٹی مرمت کی ضرورت ہے (جیسے فرش کی چند ٹائلیں غائب یا اکھڑی ہوئی ہیں، اینٹوں یا کاٹھ کھپریل (shingles) کو مرمت کی ضرورت ہے، سیڑھیوں میں خرابی ہے، جنگلے یا بغلی پڑی کو ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے)
- ○ ہاں، خاصی بڑی مرمت درکار ہے (جیسے پانی کی نالیوں یا بجلی کی تاروں میں نقص ہے، یا دیواروں، فرش یا چھت میں ساختیاتی مرمت درکار ہے)

---

سوالات نمبر ق ٦ H6 سے ق ٨ H8 تک اس رہائش گاہ کے بارے میں ہیں جس میں آپ آجکل مقیم ہیں، خواہ آپ ایک سے زیادہ جگہوں کے مالک ہوں یا انہیں کرائے پر لے رکھا ہو۔ اگر آپ کو صحیح رقم معلوم نہ ہو تو بہترین تخمینہ لگائیں۔

نوٹ: اگر آپ یا اس رہائش گاہ میں کوئی اور شخص فارم آپریٹر ہے تو سامنے نشان لگائیں -- اور قدم گ G پر چلے جائیں۔

**ق ٦** اس رہائش گاہ کے لئے سالانہ کتنی رقم ادا کرنی پڑتی ہے (پچھلے بارہ ماہ کا حساب لگائیں) ؟

(الف) بجلی کے لئے؟

- ○ کچھ نہیں
- ○ کرائے یا دوسری ادائیگیوں میں شامل ہے

یا .00 ______ ______ ____ ڈالر فی سال

(ب) تیل، گیس، لکڑی اور دوسرے ایندھن کے لئے؟

- ○ کچھ نہیں
- ○ کرائے یا دوسری ادائیگیوں میں شامل ہے

یا .00 ______ ______ ____ ڈالر فی سال

(ج) پانی اور دیگر میونسپل سہولیات کے لئے؟

- ○ کچھ نہیں
- ○ کرائے یا دوسری ادائیگیوں میں شامل ہے

یا .00 ______ ______ ____ ڈالر فی سال

---

**ق ٧** صرف کرایہ داروں کے لئے:

اس رہائش گاہ کے لئے ماہانہ کتنا کرایہ دینا پڑتا ہے؟

- ○ نقد کرائے کے بغیر ہے

یا .00 ______ ______ ____ ڈالر فی ماہ

---

## ق۸ (الف) سے (س) تک سوالات کے جواب دیں:

(الف) اس رہائش گاہ کے لئے ماہ بہ ماہ کتنی مارگیج کی رقم یا قرضے کی قسطیں دینی پڑتی ہیں؟

○ کچھ نہیں ← حصہ 'ج' پر چلے جائیں

یا _________ ________ .00 ڈالر فی ماہ

(ب) کیا (الف) میں درج شدہ رقم میں جائداد ٹیکس (property tax)، یعنی میونسپل ٹیکس اور سکول ٹیکس، شامل ہیں؟

○ ہاں ← حصہ 'د' پر چلے جائیں
○ نہیں

(ج) اس رہائش گاہ کا سال کا جائداد ٹیکس (میونسپل اور سکول ٹیکس) تخمیناً کتنا ہے؟

○ کچھ نہیں

یا _________ ________ .00 ڈالر فی سال

(د) اگر یہ جائداد آپ اس وقت فروخت کریں تو کتنے میں بکنے کی توقع ہے؟

________ _________ ________ .00 ڈالر

(ر) کیا یہ رہائش گاہ کسی رجسٹرڈ کونڈومینیم (registered condominium) کا حصہ ہے؟

○ ہاں ← اگلے حصے پر جائیں
○ نہیں ← قدم گ G پر چلے جائیں

(س) ماہانہ کونڈومینیم فیس کتنی ہے؟

○ کچھ نہیں

یا _________ ________ .00 ڈالر فی ماہ

---

**قدم گ (G)**

اب آپ نے سوالنامہ مکمل کر لیا ہے۔

---

# حصہ دوئم

# سوالات پوچھے جانے کی وجوہات

# سوالات پوچھے جانے کی وجوہات:

قدم A:

ہم آپکا ٹیلیفون نمبراس صورت میں استعمال کرتے ہیں جب سوالنامے میں سے آپ سے کوئی اطلاع سہواً چھوٹ گئی ہواور ہمیں آپ سے رابطہ کرنے کی ضرورت ہو۔

ہمیں آپ کے رہائشی پتے کی اس لئے ضرورت پڑتی ہے تا کہ ہم جان سکیں کہ ہم نے تمام گھروں کواعدادوشمار میں شامل کرلیا ہے۔اگر سوالنامے کے سرنامے پرآپ کا پتاچھپا ہوانہیں ہے تو اپنا پتافراہم کریں، یااگروہ جگہ سرنامے پر چھپے ہوئے پتے سے مختلف ہے جہاں آپ سولہ مئی ۲۰۰۶ء کو رہائش پذیر تھے۔

اگر چھپا ہوا پتا قطعی طور پر درست نہیں ہے (مثلاً اس میں گلی کے نام کے ہجوں میں یا اس کی نوعیت میں ٹائپنگ کی غلطی ہے) تو آپ کو جواب والی لائن پر یا چھپے ہوئے پتے والے علاقے میں اسے درست کرنے کی ضرورت نہیں۔

آپکے ٹیلیفون نمبراور پتے کو مردم شماری سے متعلقہ بعد کے جائزوں میں بھی کام میں لایا جاسکتا ہے۔

اقدام B اور C:

یہ اقدام آپ کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد دیتے ہیں کہ آپ نے سوالنامے میں کسے شامل کرنا اور کسے شامل نہیں کرنا ہے۔اور ہمیں ان اقدام سے یہ یقین ہوتا ہے کہ ہم نے ہراس شخص کو شمار کرلیا ہے جسے شمار کرنے کی ضرورت تھی، اورکسی کو ایک سے زیادہ مرتبہ شمار نہیں کیا۔ اپنے سوالنامے کے دوسرے صفحے پر ہدایات نمبرایک، دو اورتین ملاحظہ فرمائیں۔

قدم D:

یہ قدم ہمیں یہ اطلاع فراہم کرتا ہے کہ آیا آپ کے گھرانے میں کوئی شخص فارم کا منتظم ہے، اور ہمیں یہ یاددہانی کراتا ہے کہ زراعتی مردم شماری کرتے وقت ہمیں تمام زراعتی فارموں کرشمار کرنا ہے۔

قدم E:

صفحہ نمبر ۴ کے اوپر سوال نمبرایک کے جواب میں وہ تمام نام نقل کریں جوآپ نے ازقبل قدم **B** میں لکھے ہیں۔ ناموں کی ترتیب نہ بدلیں۔ یہ اہم ہے کہ آپ کے گھر کے افراد کے بارے میں جواعدادوشمار دئے گئے ہیں،ان کی افراد کے ناموں سے موافقت ہو۔اس سوالنامے میں پانچ یا اس سے کم افراد کے نام دئے جاسکتے ہیں۔اگرآپ کے خاندان میں پانچ سے زیادہ افراد ہیں تو آپ کوایک اورسوالنامے کی ضرورت پڑے گی۔اسے حاصل کرنے کے لئے مردم شماری مددلائن 1-877-594-2006 پر بغیر معاوضے کے رابطہ کریں۔

# سوالات

## آبادی کے بارے میں بنیادی معلومات:

سوال نمبرایک میں ہراس شخص کانام معلوم کیا گیا ہے جوکسی گھرانے میں ہے تا کہ کوئی شخص شمار ہونے سے نہ رہ جائے اور نہ ہی کسی کودو بار گنا جائے ۔

نمبر ۲ سے ٦ تک سوالات ان افراد کے بارے میں ہیں جو ہر گھر میں مقیم ہیں۔ان معلومات سے ہمیں کینیڈا کے باسیوں کے رہن سہن کے بندو بست کا، ان کے خاندانوں کے حجم کا، ان کے بچوں کی تعداد کا جو ماں باپ میں سے کسی ایک کے ساتھ یا دونوں کے ساتھ اکٹھے رہ رہے ہوں، پتہ چلتا ہے، اور یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ کتنے افراد اکیلے زندگی گزار رہے ہیں۔ یہ معلومات مختلف سماجی پروگراموں جیسے کہ بڑھاپے کی کفالتی پنشن (Old Age Security)، اور بچوں کے ٹیکس کے وظائف (Child Tax Benefits) کی منصوبہ بندی میں مدثابت ہوتی ہیں ۔شہراور قصبہ جات ان معلومات کو اپنی اکثر خدمات، جیسے کہ بچوں کے دیکھ بھال کے سینٹر اور سکول کھولنا اور بزرگ شہریوں کی رہائش کا بندوبست کرنا وغیرہ، کی منصوبہ بندی میں استعمال کرسکتے ہیں۔

## روزمرہ کے رہن سہن کی سرگرمیاں:

سوالات نمبر ۷ اور ۸ ہمیں ایسے افراد کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں جن کی روزمرہ کی سرگرمیوں میں کسی جسمانی یا ذہنی عارضے کی بنا پر یا کسی بیماری کی وجہ سے کمی واقع ہوگئی ہو۔ یہ معلومات شماریات کینیڈا کو ایسے افراد کی روزمرہ کی زندگیوں میں پیدا ہونے والی رکاوٹوں کے بارے میں آگاہ کرتی ہیں۔

## سماجی اور تہذیبی معلومات :

نمبر ۹ سے ۲۱ تک سوالات کینیڈا کی آبادی کا تہذیبی اور معاشرتی خاکہ فراہم کرتے ہیں۔

سوال نمبر ۹ کینیڈا کے اس صوبے یا عملداری کے نام کا یا اس غیر ملک کے نام کا تقاضہ کرتا ہے جہاں کسی شخص کی پیدائش ہوئی ہو۔ یہ سوال ہمیں مختلف صوبوں کے درمیان یا کینیڈا اور دوسرے ملکوں کے مابین آبادی کی نقل وحرکت کا پتہ دیتا ہے۔اس کے ساتھ ہی یہ کینیڈا کی آبادی کے تنوع کے بارے میں بھی معلومات فراہم کرتا ہے۔

سوال نمبر ۱۰ بتاتا ہے کہ شہریت کے لحاظ سے کینیڈا کی آبادی کی کیا حیثیت ہے۔ یہ معلومات الیکشنوں کی منصوبہ بندی میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ ان معلومات کو لوگوں کی عمروں کے اعدادوشمار کے ساتھ ملانے سے ہمیں امکانی ووٹروں کا پتہ چلتا ہے۔ یہ معلومات شہریوں کے لئے کلاسیں اور مختلف پروگرام وضع کرنے میں بھی کام آتی ہیں۔

سوالات نمبر ۱۱ اور ۱۲ ہمیں کینیڈا میں امیگرنٹوں اور مستقل سکونت نہ رکھنے والے لوگوں کی تعداد بتاتے ہیں اور یہ بتاتے ہیں کہ وہ لوگ کس سال یہاں وارد ہوئے۔ان سوالات سے حاصل کی ہوئی معلومات جب مردم شماری کے دوسرے اعدادوشمار کے ساتھ ملائی جاتی ہیں تو ہم مختلف وقتوں میں امیگرنٹوں کی سماجی اور معاشی حالت کا موازنہ کرسکتے ہیں، حکومت کی امیگریشن اور ملازمتوں کی پالیسیوں اور پروگراموں کا دوبارہ جائزہ لے سکتے ہیں اور تعلیم، صحت اور دوسری خدمات کی منصوبہ بندی کرسکتے ہیں۔

۱۳ سے ۱٦ تک سوالات ایسے پروگراموں پر عمل درآمد کرنے میں کام آتے ہیں جن کے ذریعے حقوق اور آزادیوں کے کینیڈین چارٹر کے تحت کینیڈا کے شہریوں کے حقوق کی حفاظت کی جاسکتی ہے۔ان سوالوں سے حاصل کی ہوئی معلومات زبان کی تدریس اور انگریزی یا فرانسیسی میں خدمات فراہم کرنے کی ضرورت کا اندازہ بھی لگایا جاسکتا ہے۔

سوال نمبر ۱۷ کینیڈا کی آبادی کے تہذیبی اورنسلی (ethnic) تنوع کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔کینیڈا کے حقوق اورآزادیوں کے چارٹر اورملٹی کلچرل ازم کے قانون کے تحت ان معلومات کا حصول ضروری ہے۔مختلف ثقافتی اورنسلی انجمنیں، تحقیقی گروپ اورایجنسیاں ان معلومات کوصحت کے فروغ، خبررسانی، اورمارکیٹنگ کے لئے وسیع پیمانے پرکام میں لاتی ہیں۔

سوالات نمبر ۱۸، ۲۰ اور ۲۱ قدیم باشندوں، یعنی شمالی امریکی انڈین، اِنووی (Innuit)، اورمےتی (Metis) کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔یہ معلومات انڈین ایکٹ اورروزگار میں معدلت کے ایکٹ (Employment Equity Act) کے تحت آئین اورروزگار کے پروگرام وضع کرنے میں کام آتی ہیں۔ان معلومات کومحققین، پراچینی حکومتیں (Aboriginal governments) اورمختلف انجمنیں بہت سے آبادیاتی مسائل اورسماجی اورمعاشی معاملات کی تفتیش کی خاطر وسیع پیمانے پرکام میں لاتی ہیں۔

سوال نمبر ۱۹ ہمیں ان گروپوں کے بارے میں بتاتا ہے جوکینیڈا کی نمایاں اقلیتی جماعتوں کوتشکیل دیتے ہیں۔ ان معلومات کی روزگار کے معدلت کے ایکٹ کے تحت ضرورت ہوتی ہے تاکہ ہرایک کویکساں مواقع فراہم کرنے کے پروگراموں کوفروغ دیاجاسکے۔

## نقل وحرکت:

سوالات نمبر ۲۳ اور ۲۴ ہمیں یہ بتاتے ہیں کہ کینیڈا کے باسی کینیڈا کے اندر یاباہرکہاں نقل وحرکت کررہے ہیں۔مردم شماری کے دوران یہ معلومات قومی،صوبائی اورمقامی سطحوں پرآبادی کی نقل وحرکت کااندازہ لگانے میں مددکرتی ہیں۔ اس کے علاوہ یہ معلومات مستقبل میں آبادی کی مختلف ضرورتوں کاتعین کرنے میں، مثلاً اقامتی تعمیرات کے میدان میں،تعلیم میں،مواصلات اوردیگرسماجی خدمات میں مددگارثابت ہوتی ہیں،اوران پروگراموں کی ترویج میں بھی جومالی بندوبست کے ایکٹ (Fiscal Arrangement Act) کے تحت جاری کئے جاتے ہیں۔

## والدین کی جائے پیدائش:

سوال نمبر ۲۵ ہمیں ان لوگوں کی تعداد بتاتا ہے جوکینیڈا میں پیداہوئے مگرجن کے والدین نے کینیڈا سے باہرکسی ملک میں جنم لیا۔ان معلومات کی بدولت ہم کینیڈا کی دوسری پود کی سماجی اورمعاشی حالت کاتعین کرسکتے ہیں۔

## تعلیم:

سوالات نمبر ۲۶ سے ۳۲ ہمیں کینیڈا کے باسیوں کی تعلیمی استعداداورتربیت، اور روزگار میں کام آنے والی مہارتوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔حکومتیں اورروزگار کے مالکان ان معلومات کی بدولت یہ دریافت کرسکتے ہیں کہ آیامخصوص میدانوں میں کام کرنے کے لئے معقول تعداد میں تعلیم یافتہ، تربیت یافتہ اورہنرمندلوگ موجود ہیں۔ایسے لوگوں کی قلت کی صورت میں وہ ایسے پروگراموں کوفروغ دے سکتے ہیں جن کے ذریعے سے محنت کش طبقے کی بدلتی ہوئی ضروریات کوپورا کیاجاسکے۔

سوال نمبر ۳۲ کی بدولت سکولوں میں حاضری کے بارے میں معلومات ملتے ہیں جن سے کینیڈا اسٹوڈنٹ ادھار ایکٹ (Canada Student Loans Act) کے تحت جاری کئے گئے پوسٹ سیکنڈری اورتعلیم بالغاں کے پروگراموں کی منصوبہ بندی اورسرمایہ کاری ممکن ہوتی ہے۔ان معلومات کے ذریعے ایسے پروگراموں کوبھی فروغ دیاجاسکتا ہے جن سے لوگوں کوسکول میں دیرتک زیرِ تعلیم رہنے یادوبارہ سکولوں سے رجوع کرنے کی ترغیب ملے۔

## گھریلو سرگرمیاں:

سوال نمبر ۳۳ سے ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ لوگ اپنا کتنا وقت بغیر معاوضہ گھریلو سرگرمیوں میں صرف کرتے ہیں۔ جب ان معلومات کو بالمعاوضہ کام کے اعداد و شمار کے ساتھ جمع کیا جاتا ہے تو ہمیں پتہ چلتا ہے کہ کینیڈا کے باسی اپنی غیر معاوضہ سرگرمیوں اور بالمعاوضہ کام میں کیسے توازن پیدا کرتے ہیں۔

## محنت کش طبقے کی کاروباری سرگرمیاں:

نمبر ۳۴ سے ۵۰ تک سوالات پندرہ سال یا اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کے بامشاہرہ یا خودکار کام کے بارے میں معلومات مہیا کرتے ہیں۔ یہ معلومات حکومتوں اور تجارتی گروہوں، دونوں کے لئے ہر سطح پر اہم ہیں، اس لئے کہ ان کی مدد سے تعلیم و تربیت کے پروگراموں کی منصوبہ بندی، زبان کے استعمال کا جائزہ، مستقبل میں کام کاج کے مواقع کی پیش قیاسی، نقل و حرکت اور آمد و رفت کے تسلی بخش نظاموں کی منصوبہ بندی، اور ملک کے مختلف طبقات میں ملازمت کے مواقع پیدا کرنے کے لئے اقدام، یہ سب کچھ کرنا ممکن ہوتا ہے۔

## ۲۰۰۵ء میں آمدن:

سوالات نمبر ۵۱ اور ۵۳ کینیڈا کے شہریوں، ان کے خاندانوں اور گھرانوں کی آمدن کا تفصیلی گوشوارہ فراہم کرتے ہیں۔ آمدن ٹیکس کے ریکارڈ مکمل تصویر نہیں بناتے، اس لئے کہ ان میں کینیڈا کے تمام باسی شامل نہیں ہوتے، اور نہ ہی وہ آمدن حاصل کرنے والے افراد کے بارے میں ضروری معلومات کی نشان دہی کرتے ہیں۔

حکومتیں ان معلومات کو آمدن کے اعانتی پروگراموں میں اضافے کے لئے بھی استعمال کرتی ہیں، جیسے کہ بڑھاپے کی کفالتی پنشن (Old Age Security Pension)، آمدن کے صوبائی سپلیمنٹ (provincial income supplements)، سماجی مالی معاونت (social assistance) کی ادائیگیاں وغیرہ۔ وہ ان اعداد و شمار کو یہ یقین دہانی دلانے کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں کہ وہ تمام پروگرام جن کا مقصد گھرانوں کی آمدن میں اضافہ کرنا ہے، تسلی بخش طور پر کام کر رہے ہیں۔ ان اعداد و شمار کے ذریعے سے دوسرے پروگراموں جیسے کہ تنخواہوں میں معدلت (pay equity) یا رہائش گاہوں کی بندوبست (housing programs) وغیرہ کی قدر و قیمت کا تعین کیا جا سکتا ہے، اور ان جغرافیائی علاقوں کی نشان دہی بھی کی جا سکتی ہے جنہیں حکومتی مدد کی ضرورت ہے۔

تجارتی ادارے آمدن کے اعداد و شمار کو صارفین کی ہمسائیگی میں تھوک اور پرچون کے نئے سٹور کھولنے اور نئی مصنوعات اور خدمات فراہم کرنے کی خاطر استعمال کرتے ہیں۔

لیبر یونینیں اور تجارتی ادارے مصالحتی گفت و شنید کے دوران آمدن کے اعداد و شمار کو اپنی خصوصی نوکریوں کے محنتانے کا سودا کرنے کی خاطر اور نقصان کے ازالے کے دعوی جات کے تصفیہ کے لئے کام میں لاتے ہیں۔

ادارے جو سماجی مالی معاونت کے خواہش مند کینیڈین شہریوں کی نمائندگی کرتے ہیں عموماً اپنے مقدمات کی بنیاد مردم شماری سے حاصل کئے گئے آمدن کے اعداد و شمار پر رکھتے ہیں۔

افراد اپنی خصوصی نوکریوں کی اجرتوں کا موازنہ، اپنی علاقے میں اور سارے ملک میں بھی، اسی قبیل کی دوسری نوکریوں کی اوسط آمدن سے خود کر سکتے ہیں۔

آپ کی ذاتی معلومات یا وہ معلومات جن سے آپ کی شناخت ہو سکے، کبھی فروخت نہیں کی جا سکتیں اور نہ ہی ڈاک کی فہرستوں کو دی جا سکتی ہیں۔ حکومت کا کوئی ادارہ بھی، کینیڈا کی ریونیو ایجنسی (Canada Revenue Agency--CRA) سمیت، آمدن کے بارے میں معلومات یا مردم شماری میں موجود دوسری ذاتی معلومات تک رسائی نہیں رکھتا۔ آپ کے تمام جوابات صیغۂ راز میں رکھے جائیں گے۔ یہی قانون ہے۔

## ذاتی معلومات تک مردم شماری کے ۹۲ سال بعد رسائی:

سوال نمبر ۵۳ ضمانت دیتا ہے کہ ہر شخص مردم شماری میں دی ہوئی اپنی ذاتی معلومات کے بارے میں باخبر فیصلہ کرے گا کہ ان معلومات کا کیا کیا جائے گا۔ صرف اگر کوئی مدعا علیہ اس سوال کا جواب 'ہاں' میں دے گا تو ۲۰۰۶ء کی مردم شماری میں درج شدہ معلومات ۹۲ سال بعد عام کی جاسکیں گی۔ اس اجازت کے بعد مستقبل میں آنے والے لوگ یہ جان سکیں گے کہ ۲۰۰۶ء میں کینیڈا کا معاشرہ کیسا تھا۔

اس سوال کا جواب دینے سے پہلے اپنے خاندان کے ہر فرد سے مشورہ کریں اور جواب دینے سے قبل ان کی آراء معلوم کریں۔ اگر ان کی آراء معلوم نہ ہوسکیں تو اُس مدعا علیہ کی طرف سے اس سوال کا جواب نہ دیں۔ والدین یا قانونی سرپرست بچوں کی جانب سے جواب دیں۔

اس صورت میں جب کوئی مدعا علیہ اپنا جواب تبدیل کرنا چاہتا ہو یا اپنے جواب والے خالی خانے میں کوئی جواب بھرنا چاہتا ہو، تو وہ مندرجہ ذیل پتے پر رابطہ کرے :

Access to Information and Privacy, Statistics Canada, 120 Parkdale Ave. Ottawa, ON, K1A 0T6.

## قدم ف (F): رہائش گاہیں:

سوالات نمبر ق ۱ (H1) سے ق ۸ (H8) تک حکومت کے منصوبہ بندی کرنے والوں اور غیر سرکاری زمین کاروں کو معلومات فراہم کرتے ہیں تا کہ وہ رہائش کی نئی سکیمیں اور محلے آباد کرسکیں۔ نیشنل ہاؤسنگ ایکٹ (National Housing Act) اور کینیڈا مارگیج اور ہاؤسنگ کارپوریشن ایکٹ (Canada Mortgage and Housing Corporation Act) کے تحت جاری کئے گئے بہت سے پروگراموں میں یہ معلومات کارآمد ثابت ہوتی ہیں۔

رہائش گاہوں میں کمروں اور خوابگاہوں کی تعداد اور گھروں کی قیمتوں کے بارے میں معلومات کو گھرانوں میں مقیم افراد کے اعداد و شمار میں شامل کرنے سے مختلف علاقوں میں خاندانوں کی معاشی صورت حال کا موازنہ کرنا ممکن ہوجاتا ہے۔ صوبائی اور میونسپل حکومتیں ان معلومات سے ہر گھر میں لوگوں کی بھیڑ بھاڑ کی سطح کا اندازہ لگاتی ہیں اور رہائشی تعمیرات کے مناسب پروگرام وضع کرتی ہیں۔

میونسپلٹیاں رہائش گاہوں کی عمروں کے بارے میں معلومات اور ان میں مرمتوں کی ضرورت کی تفصیلات کو محلّہ سدھار پروگرام تیار کرنے میں استعمال کرتی ہیں۔